# گوشہ انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کالجز کراچی

## روداد چھٹی سالانہ صوبائی سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کانفرنس ۲۰۱۴ء

حسب سابق ۱۲ / مارچ ۲۰۱۴ء کو آرٹس کونسل کراچی میں ایک روزہ چھٹی سالانہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کانفرنس منعقد ہوئی، جس کے مہمان خصوصی سینئر صوبائی وزیر تعلیم تھے، اور صدر جلسہ پروفیسر ڈاکٹر ناصر انصار ڈائریکٹر کالجز کراچی تھے۔ مہمان اعزازی پروفیسر انعام احمد ڈائریکٹر کالجز کراچی

- ڈاکٹر سعید احمد صاحب کی تلاوت اور پروفیسر عبدالصمد صاحب کی نعت سے آغاز ہوا، صدر انجمن ڈاکٹر صلاح الدین ثانی صاحب نے مہمان خصوصی کو سپاسنامہ پیش کیا، جس میں درج ذیل امور پر منسٹر کی توجہ مبذول کرائی گئی۔
- ۱۸۔ویں آئینی ترمیم کے بعد سندھ کی سطح پر ایچ۔ای۔سی کا ادارہ بن گیا ہے، اس میں کالج کے سینئر ترین پی ایچ ڈی پروفیسرز کو ممبر بنایا جائے تاکہ یونیورسٹی کی طرح کالجز اور ان کے اساتذہ کو سرکاری امدادی سہولتیں حاصل ہوسکیں۔
- ایچ ای سی یونیورسٹی میں منعقد ہونے والے سیمینارز اور کانفرنسوں کے لئے ۷ تا ۱۰ لاکھ مدد فراہم کرتی ہے۔ انجمن اساتذہ نے ۲۲ سیمینارز اور کانفرنسیں اپنی تنخواہوں سے منعقد کی ہیں، ہماری کسی سطح پر کوئی معاونت نہیں کی جاتی ہے۔ لہٰذا ایچ ای سی کو معاونت کا پابند کیا جائے۔
- جو کالج اساتذہ پی ایچ ڈی کرنا چاہتے ہیں انہیں یونیورسٹی اساتذہ کی طرح تمام سہولتیں فراہم کی جائیں اور بلا سودی قرضہ فراہم کیا جائے۔
- کالج اساتذہ کے لئے ۷۵۰۰ پی ایچ ڈی الاؤنس مقرر ہے، لیکن اے جی سندھ بہت سے اساتذہ کو چھ ماہ سے وہ بھی نہیں دے رہا ہے، جبکہ جامعہ کراچی وفاقی

اردو یونیورسٹی و دیگر یونیورسٹیوں اور پنجاب میں ۱۰،۰۰۰ دس ہزار روپے دیا جا رہا ہے، لہٰذا کالج اساتذہ کے لئے بھی دس ہزار روپے کا آرڈر جاری کیا جائے۔

- جو اساتذہ پی ایچ ڈی ہیں انہیں اپ گریڈ کیا جائے، بعد میں تمام اساتذہ کو اپ گریڈ کیا جائے، آج یونیورسٹی میں لیکچرر ۱۸ گریڈ ہوتا ہے، جبکہ کالجز میں ۱۷ گریڈ کا ہے۔
- کالج اساتذہ میں علمی ماحول کو فروغ دینے کے لئے سیمینارز اور کانفرنسوں کے انعقاد کی سرپرستی کی جائے یا ایجوکیشن ڈپارٹ از خود ایسے پروگرامز منعقد کرائے۔
- ہر سال مصنفین کو انعامات دیئے جائیں، شعبہ تعلیم سے وابستہ افراد کو محققین کے نام صدارتی ایوارڈ کے لئے بھیجا جائے، جو اساتذہ ریٹائرڈ ہوتے ہیں انہیں باوقار انداز میں الوداعی تقریب منعقد کر کے شیلڈ پیش کی جائے۔
- اسلامیات کے اساتذہ کو رؤیت ہلال کمیٹی، خدام الحجاج اور اسلامی نظریاتی کونسل میں شامل کیا جائے۔
- جن اساتذہ کے پروموشن رکے ہوئے ہیں انہیں فوری ترقی دی جائے۔ (خاص کر ۱۷ سے ۱۸ میں) میں ہمیں اعتراف ہے، سابق وزیر تعلیم پیر مظہر الحق کے دور میں سب سے زیادہ ترقیاں دی گئیں، ہمیں امید ہے آپ بھی خصوصی توجہ فرمائیں گے۔

استقبالیہ کلمات میں انجمن اساتذہ کی تاریخ بیان کی گئی کہ یہ ۱۹۸۵ء سے رجسٹرڈ ہے، ۲۰۰۵ء سے اس کے زیر اہتمام چھ صوبائی سیرت النبی ﷺ کانفرنسیں منعقد ہوئیں۔

وفاقی اردو یونیورسٹی کے اشتراک سے ایک قومی کانفرنس منعقد کی، ۱۵ سیمینارز ورکشاپس منعقد کیں، ان کانفرنسوں میں چار زبانوں اردو، عربی، انگریزی اور سندھی میں تحقیقی مقالات پیش کئے گئے، یہ مقالات مجلہ علوم اسلامیہ انٹرنیشنل کے ۱۸ شماروں میں شائع ہو چکے ہیں، ہر شمارہ ۵۰۰ تا ۱۰۰۰ صفحات پر مشتمل ہے۔

مجلہ کو ۱۴ جنوری ۲۰۱۴ء کو صدر مملکت نے سیرت النبی ﷺ صدارتی ایوارڈ سے دوسری مرتبہ نوازا ہے۔

سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فروغ کے لئے ہم نے میٹرک بورڈ، انٹر بورڈ، یونیورسٹیز، ریڈیو اور ٹی وی چینلز کو خطوط لکھے، آرڈی کالجز سے درخواست کی، جنہوں نے ۱۳۱ / کالجز کو آرڈر جاری کیا کہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کوئز و تقریری مقابلے منعقد کئے جائیں، اس سال حکومت سندھ نے بھی سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کانفرنس منعقد کی، جس پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

کانفرنس میں ۳۸ مقالہ نگاروں نے اردو، عربی، انگریزی، سندھی میں اپنے مقالات پیش کئے، شرکا میں تربیلہ خیبر پختون خواہ، حیدرآباد، سکھر، لاڑکانہ، میرپور خاص، پنو عاقل، کراچی سے لیڈیز جینٹس ڈاکٹرز و پروفیسرز شامل تھے، مقالہ نگاروں کو سرٹیفکیٹ، شیلڈ، بیگ، مجلہ علوم اسلامیہ پیش کیا گیا اور ظہرانہ پیش کیا گیا، اندرون سندھ کے مہمانوں کے لئے قیام و طعام کا انتظام کیا گیا۔

پروفیسر انعام احمد صاحب نے کانفرنس پر مبارکباد دی اور اپنے تعاون کا بھرپور یقین دلایا، پروفیسر ڈاکٹر ناصر انصار ڈائریکٹر ایجوکیشن سندھ نے اپنے خطاب میں منتظمین کو مبارد دی اور فرمایا اس سال بہت بڑی تعداد میں اساتذہ شریک ہیں، جس کا مطلب ہے اساتذہ کی دلچسپیوں میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ سیرت کانفرنس کا مرکزی اور عنوان ذیلی عنوانات درج ذیل تھے:

# مرکزی عنوان: بچوں کے حقوق و فرائض سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روشنی میں

# Topic: "Children's Rights and Duties in the Light of Seerat-e_ Tayyebah"

## ذیلی عنوانات:

۱۔ اسلام سے قبل مختلف مذاہب میں بچوں سے سلوک،

۲۔ اسلام سے قبل مختلف تہذیبوں میں بچوں سے سلوک

۳۔ بچوں کی تعلیم سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روشنی میں

۴۔ بچوں کی فکری تربیت سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روشنی میں

۵۔ بچوں کی جسمانی تربیت سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روشنی میں

۶۔ بچوں کی اخلاقی تربیت سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روشنی میں

۷۔ بچوں کی آزادی اور ان کی نگرانی کی حدود سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روشنی میں

۸۔ بچوں کی جان، جسم اور آبرو کا تحفظ سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں
۹۔ بچوں کی ملازمت اور کاروبار یعنی خرید و فروخت سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں
۱۰۔ بچوں پر سختی اور تشدد سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں
۱۱۔ بچوں پر شرعی احکام کا نفاذ
۱۲۔ بچوں سے متعلق شرعی شخصی قوانین (پرسنل لاء)
۱۳۔ بچوں کی کفالت و پرورش سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں
۱۴۔ جنگ میں فوجی مقاصد کے لئے بچوں کا استعمال سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں
۱۵۔ بچوں کا اغواء اور ان کی خرید و فروخت

گرامی قدر جناب سینئر منسٹر صاحب ایجوکیشن سندھ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

موضوع: چھٹی سالانہ صوبائی سیرت النبی ﷺ کانفرنس ۱۲ مارچ ۲۰۱۴ء بمقام آرٹس کونسل کراچی میں استقبالیہ کے موقع پر آپ کی خدمت میں پیش کردہ مطالبات پر عملدرآمد کی درخواست۔

# چھٹی سالانہ صوبائی سیرت النبی ﷺ کانفرنس ۲۰۱۴ء کے منتخب شرکاء کے تاثرات

## پروفیسر ڈاکٹر محمد ادریس آزاد سومرو صاحب

صدر شعبہء اسلامیت، گورنمنٹ آرٹس اینڈ کامرس کالج، لاڑکانہ سندھ

سیرت النبی ﷺ ۲۰۱۴ء چھٹی سالانہ کانفرنس میں شرکت اور مقالہ پڑھنے کا موقع ملا۔ محترم پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی صاحب اور ان کے تمام ساتھی مبارک باد کے مستحق ہیں، نظم وضبط کے ساتھ کانفرنس کامیاب ہوئی، تعلیم کے منسٹر جناب نثار احمد کھوڑو صاحب نے مہمانِ خاص کی حیثیت سے شرکت کی، کانفرنس کا سالانہ انعقاد اور مجلہ کی اشاعت قابل تحسین اور قابل تعریف ہے۔ سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں انسانی حقوق اور فرائض پر مقالہ نگاری موجودہ دور کی اہم ضرورت ہے۔

پروفیسر ڈاکٹر محمد ارشد صاحب
لیکچرار شعبہ اسلامیات، بحریہ کالج کراچی

مجھے الحمدللہ! پہلی مرتبہ ڈاکٹر صلاح الدین ثانی صاحب کی سیرت النبی ﷺ کے حوالہ سے منعقدہ کانفرنس میں شریک ہونے کا موقع ملا ہے، بچوں کے حوالے سے یہ نہایت ہی جامع اور عمدہ کاوش ہے، بعض اوقات مقررین نے ایک جیسے ہی مقالہ جات پیش کئے، اس کے باوجود بعض حضرات وخواتین نے نہایت اختصار کے ساتھ عمدہ گفتگو فرمائی اللہ تعالیٰ ڈاکٹر صاحب اور جملہ معاونین کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

Prof. Dr. A. Waheed Undhar Sahab.
Principal: Govt. Modal Madarsa

First of all I am grab full the organization of Anjman Uloom Islamia for the holding 6th Provincial Seerat Conference at the Capital of Sindh Province on 12 march 2014.

I am one of who are regularly attending the conference. This is a good platform to meetead other and share views and co-ordinate. Prof. Dr. Salahuddin Sani is doing good job with leading Professors and Publishing books contains on reader research papers which ore assets. Pray for the continuation of this type of conference.

پروفیسر ڈاکٹر عبدالقادر چاچڑ صاحب
اسسٹنٹ پروفیسر اسلامک کلچر، گورنمنٹ اسلامیہ آرٹس اینڈ کامرس کالج، سکھر

ہر سال سیرت النبی ﷺ کی کانفرنس منعقد کرنا بڑا کام ہے، جس کو بخوبی منعقد کرنا قابل تحسین ہے، تمام انجمن کے عہدیداران اور ممبر حضرات مبارک باد کے مستحق ہیں۔ ششماہی مجلہ مسلسل شائع کرنا بھی قابل تعریف کام ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی صاحب کا کانفرنس منعقد کرنا اور مجلہ شائع کرنا عظیم کام ہے، یہ کار خیر نجات کا سبب بنے گا۔

## پروفیسر ڈاکٹر کرم حسین ودھو صاحب

در شعبہ اسلامیات، گورنمنٹ ڈگری کالج لاڑکانہ سندھ

پہلے تو ڈاکٹر صلاح الدین صاحب کو مجلات سیرت کے مقابلہ میں پہلی پوزیشن کی مبارکباد پیش کرتا ہوں، بہت اچھا انتظام کیا گیا، نہایت ہی محذوذ ہوئے طالبات نے اچھی خدمت سرانجام دی، آپ سے گزارش ہے کہ جو گزارشات منسٹر سے کو کی تھی وہ تحریر ابھی ان کو پہنچادیں، ایچ ای سی سے اپنے مجلے کو کم از کم "Z" کیٹیگری میں شامل کروائیں، اس کا صدارتی ایوارڈ اور پہلی پوزیشن میں آنا بہت بڑی دلیل ہے۔

## پروفیسر عبدالودود صاحب

پرنسپل ڈگری بوائز کالج بلدیہ کراچی

اساتذہ علوم اسلامیہ کا یہ عظیم الشان اجتماع اور اس میں پیش کئے جانے والے مقالات اور حسن انتظام سنجیدگی اور وقار کا بے مثال مظاہرہ دیکھنے میں آیا۔ شرکاء مجلس کی دلچسپی اور توجہ قابل دید تھی۔

ان اجتماعات اور کانفرنسز کا انعقاد مسلسل ہوتا رہے، اور ان جذبوں کو مزید فروغ دینے کے لئے مسلسل جدوجہد کی اشد ضرورت ہے۔ اس کے لئے آپس کے روابط ومشاورت بنیادی چیز ہیں، مجلس شوریٰ کی آپس میں مشاورت، درپیش مسائل پر غور وفکر اور حل کرنے کی کوشش وجدوجہد کو جاری رکھا جائے۔ کام کرنے والوں کی خوب حوصلہ افزائی کی جائے، منفی کوشش میں مصروف حریفوں پر کڑی نظر رکھی جائے، اور ان کا بھرپور سدباب کیا جائے، مزید ترقی کے لئے دعا گو ہوں۔

## پروفیسر ڈاکٹر مخدوم محمد روشن صدیقی صاحب

اسسٹنٹ پروفیسر حیدر آباد کالی موری کالج، حیدر آباد سندھ

الحمدللہ چھٹی صوبائی سیرت کانفرنس کا انعقاد تمام علوم اسلامیہ کے اساتذہ کو تحقیق وتصنیف کے میدان کام کرنے کا ایک عظیم موقع ملتا ہے، جو کہ اس فتنہ کے ماحول میں ہمارے لئے ایک نعمت ہے، لہٰذا اس کانفرنس کے انعقاد سے اسوہ کریم ﷺ کے مختلف پہلو اجاگر ہوتے ہیں، اللہ تعالیٰ انجمن کو مزید ترقی عطا فرمائے۔ آمین

## پروفیسر صبغت اللہ مصر صاحب

لیکچرار گورنمنٹ نیشنل کالج، کراچی

الحمدللہ امسال سیرت النبی ﷺ کے سلسلے میں انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کالجز کراچی کی اچھی کوشش اور کاوش ہے، ایسے پروگرام اساتذہ علوم اسلامیہ کے مقدس شعبہ سے وابستہ افراد کو تعلیم اور تحقیق کی طرف راغب کرنے کی جستجو ہے، انجمن کی پذیرائی ہر سطح پر ہونی چاہئے۔

## پروفیسر ڈاکٹر سید شعیب اختر صاحب

لیکچرار گورنمنٹ کراچی کالج برائے خواتین، کراچی

اللہ رب العزت کے فضل وکرم سے صوبائی سیرت النبی ﷺ کانفرنس نہایت خوش اسلوبی سے اور کامیابی سے منعقد ہوئی، صوبائی سیرت النبی ﷺ کے تحت دیئے گئے عنوان: ''بچوں کے حقوق و فرائض سیرت النبی ﷺ کی روشنی میں'' نہایت اہم موضوع ہے، کیونکہ بچوں کی بہترین تربیت اور ان کے حقوق و فرائض سے متعلق جو احکامات ہمیں اللہ تبارک وتعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ نے بیان کئے ہیں، اس کی روشنی میں ہر فرد کا خصوصاً والدین اور اساتذہ کا فرض بن جاتا ہے کہ وہ بچوں کے حقوق و فرائض سے غفلت نہ برتیں، اس کے علاوہ تعریف کے سب سے زیادہ مستحق انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کے صدر محترم جناب ڈاکٹر صلاح الدین ثانی ہیں جن کی کاوش اور محنت سے اس قسم کے سیمینارز اور کانفرنسوں کا انعقاد ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ صدر انجمن کو مزید حوصلہ اور صحت عطا کرے کہ وہ زیادہ سے زیادہ دین و اصلاحی کام میں اپنی خدمات انجام دے سکیں، مجموعی طور پر کانفرنس نہایت اچھی اور کامیاب رہی، آئندہ بھی اس قسم کی کانفرنس کا انعقاد کا سلسلہ جاری رکھا جائے تاکہ ہم اور ہمارا معاشرہ حقیقی کامیابی کی طرف گامزن ہوسکے۔ آمین

## پروفیسر ڈاکٹر فہمیدہ بانو صاحبہ

اسسٹنٹ پروفیسر اسلامیات، بحریہ کالج کراچی، این او آر ای ون، کراچی

ڈاکٹر صلاح الدین ثانی کی جانب سے سیرت النبی ﷺ کا انعقاد ایک انتہائی عقیدت مندانہ کاوش ہے، جس پر میں انہیں مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ یہاں پر تمام اسکالرز نے اپنی اپنی استعداد اور علم کے مطابق اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر صلاح الدین ثانی صاحب کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے انتظامی امور بہت شاندار کئے ہیں، اللہ تعالیٰ ان کو عزت، مرتبہ اور صحت وتندرستی عطا فرمائے۔

## پروفیسر محمد مسلم شیخ صاحب

لیکچرر شعبہ اسلامیات، گورنمنٹ کالج میرپور خاص

ماشاء اللہ انتظامی اور دیگر حوالوں سے کانفرنس خوب ہے، وقت کی پابندی کا بھی اہتمام ہو تو زیادہ بہتر ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ حضرات کے لئے اس کانفرنس کو آخرت کی نجات کا ذریعہ بنائے اور اس کے اثرات سے تمام مسلمانوں کو استفادہ کی توفیق بخشے۔ کامیاب کانفرنس کے انعقاد پر محترم پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی صاحب اور دیگر انتظامیہ کے حضرات صد مبارکباد کے مستحق ہیں۔ مزید مختلف موضوعات پر کانفرنس کے ساتھ ساتھ ''مذاکرات'' ''شریعہ اکیڈمی'' کی طرح منعقد کئے جائیں تاکہ جدید سلگتے مسائل پر موقف کی یگانگت پیدا ہو سکے اور اساتذہ کو طلبہ کی ذہن سازی میں آسانی میسر ہو۔ واللہ اعلم بالصواب

## پروفیسر ڈاکٹر حافظ سید ضیاء الدین صاحب

شعبہ اسلامیات، گورنمنٹ کالج آف کامرس اینڈ اکنامکس

الحمدللہ سیرت النبی ﷺ کانفرنس کا انعقاد محترم پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی کی اچھی کوشش ہے، آپ کا یہ خاصہ ہے کہ اساتذہ علوم اسلامیہ کو جمع کرتے ہیں اور اچھے اچھے پروگرام ترتیب دیتے ہیں، ان سے مقالے لکھواتے ہیں، اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر دے۔ آمین

## پروفیسر ڈاکٹر محمد بلال عثمانی صاحب

شعبہ اسلامیات، این ای ڈی یونیورسٹی کراچی

الحمدللہ آج چھٹی صوبائی سیرت النبی ﷺ کانفرنس میں شرکت کا موقعہ ملا جو کہ انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کالجز کراچی کے زیر اہتمام منعقد ہوئی، اس حوالے سے ڈاکٹر صلاح الدین ثانی مبارکباد کے مستحق ہیں، کانفرنس کا موضوع بھی انتہائی اہمیت کا حامل ہے اور موجودہ موقع کے تقاضے کے عین مطابق ہے، آج بہت پرمغز مقالے پیش کئے گئے۔

## پروفیسر حافظ محمد شفیق صاحب

اسسٹنٹ پروفیسر اورنگی گرلز کالج، سیکٹر ۱۳، کراچی

آج سیرت النبی ﷺ کانفرنس میں شرکت کا موقع ملا جس کا عنوان تھا: ''بچوں کے حقوق و فرائض سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں'' مقررین نے بڑے پر اثر انداز میں بچوں کے حقوق کے حوالے

سے مقالات پڑھے تقریباً سب ہی مقررین نے بچوں کے حوالے سے اچھی گفتگو کی خصوصاً پروفیسر ریحان صاحب نے بہت اچھا مقالہ پڑھا اور طالبات نے بھی اچھے مقالے پڑھے، پروفیسر ڈاکٹر سعید احمد صدیقی صاحب نے بہت اچھی گفتگو کی اور ایس ایم طارق صاحب نے انگریزی زبان میں فی البدیہہ بچوں کی تربیت کے حوالے سے بہت اچھی گفتگو کی، محترمہ پروفیسر نصرت جہاں صاحبہ نے بچوں کے حقوق کے حوالے سے اچھی گفتگو کی، لیکن مقررین وقت کا خیال کئے بغیر اپنے گفتگو کرتے رہے۔ سیرت کانفرنس میں شرکت باعث مسرت ہے، اس کانفرنس کے انعقاد اور کامیاب بنانے میں جناب صلاح الدین ثانی صاحب کی محنت شاقہ کو بہت بڑا دخل ہے، اگر وہ اس قدر محنت نہ کرتے تو اس کانفرنس کا انعقاد ممکن نہیں ہوتا۔

## ڈاکٹر سعید احمد صدیقی صاحب

سینیر سبجکٹ اسپشیلسٹ، کراچی

الحمدللہ ہر سال کی طرح امسال بھی صوبائی سیرۃ النبی ﷺ کانفرنس ۲۰۱۴ء اپنی پوری آب وتاب کے ساتھ منعقد ہوئی اور موجودہ دور کے عین مطابق نونہالان وطن کے حوالے سے ''بچوں کے حقوق و فرائض سیرۃ طیبہ ﷺ کی روشنی میں'' کانفرنس کا موضوع قرار پایا اس حوالے سے کانفرنس کے روح رواں ڈاکٹر صلاح الدین ثانی صاحب مبارکباد کے مستحق ہیں۔

## پروفیسر محمد نعیم الدین صاحب

اسسٹنٹ پروفیسر جامعہ ملیہ گورنمنٹ ڈگری کالج، ملیر کراچی

انجمن اساتذہ اور ڈاکٹر صلاح الدین ثانی مبارک باد کے مستحق ہیں کہ چھٹی سالانہ سیرت النبی ﷺ کانفرنس کا انعقاد کامیابی سے کیا۔ مقررین نے بڑے علمی نکات بیان کئے، مجموعی طور پر کانفرنس کامیاب رہی۔

## Prof. Muhammad Ahsan Shikh Sahab.

Asistant Prof. Pakistan Shipowners Govt. College, North Nazimabad Karachi

Previously the condition of the college was very bad. During the exam practical, some unknown shidents as well as others enter the

college, labs, they aerated the probers and demand them money and mobile. Now the college has been very nice and the efforts of Prof. Dr. Salahuddin Sani.

He slarted to conduct the rerate conference in whieh various scholars participated to read their thesis. This esereise has been done, Dr. Prof. Salahuddin Sani Principal of Pakistan Shipowners College.

## پروفیسر نسرین بانو صاحبہ

اسسٹنٹ پروفیسر عبداللہ گرلز کالج، کراچی

سیرت النبی ﷺ کی یہ کانفرنس جو ''بچوں کے حقوق و فرائض'' پر مشتمل تھی اس پر لوگوں نے اپنے خیالات کا اظہار کیا جو کہ بہت ہی جامع رہا۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو ان حقوق کی ادائیگی کی ہمت اور طاقت عطا فرمائے۔ آمین

## پروفیسر ڈاکٹر عبداللہ کوثر صاحب

اسسٹنٹ پروفیسر گورنمنٹ ڈگری کالج منگھوپیر، کراچی

استاذی المحترم صلاح الدین الثانی کیا کہنا شب و روز محنت سے کانفرنس کو چار چاند لگادیئے، اللّٰھم زدنا ولا تنقصنا اکرمنا ولا تھنا۔

## پروفیسر محمد وصی فصیح صاحب

لکچرار اسلامیات پی ایس ایچ ایس فاؤنڈیشن کالج، کراچی

ماشاء اللہ بہت اچھی کاوش ہے، منتظمین کا خلوص اور مؤثر انتظامات سے نظر آرہا تھا، کلچر کے لحاظ سے جتنی تاخیر ہوتی ہے، اس سے کم تاخیر ہوئی۔

## پروفیسر رفعت ناز صاحبہ

اسسٹنٹ پروفیسر، عبداللہ گورنمنٹ کالج، کراچی

ڈاکٹر صلاح الدین ثانی صاحب نے اس سے پہلے بھی بہت سے پروگرام منعقد کروائے ہیں، آج کا پروگرام بہترین پروگرام ہے، آج کا موضوع بھی بہت خوبصورت اور بہترین ہے، اس پروگرام کے

انعقاد پر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی صاحب ان کے ساتھی مبارکباد کے مستحق ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ آئندہ بھی آپ ایسے ہی اچھے اچھے کام کرتے رہیں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو دنیا و آخرت میں سرخرو کرے۔

## پروفیسر حافظ محمد ریحان خان صاحب

شعبہ اسلامیات، گورنمنٹ کالج زمان آباد لانڈھی، کراچی

انجمن انتہائی مبارکباد کی مستحق ہے، جس نے اس اہم ترین موضوع کو سیرت کانفرنس کا موضوع بحث بنایا۔ میری تمام تر دعائیں، ڈاکٹر صلاح الدین ثانی صاحب اور انجمن اسلامیہ کے لئے وقف ہیں، نیز میری خدمات بھی۔ اللہ پاک ڈاکٹر صاحب اور انجمن کی قابل قدر خدمات قبول فرمائے۔

## پروفیسر ساجدہ نوشین صاحبہ

لیکچرر، ایچ آر ایچ، آغا خان گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج، کراچی

مقالہ نگار ڈائس پر آ کر صرف اپنے مقالہ کا خلاصہ دیئے گئے، وقت کے اندر پیش کریں، مہمانانِ گرامی، چیف آرگنائزر اور سامعین کا شکریہ ادا کرنے کے لئے رسمی الفاظ/ جملے کہنے سے گریز کریں۔

## پروفیسر حافظ سید محمود عالم (آسی خرم)

لیکچرار اسلامیات، ذوالفقار علی بھٹو کالج اورنگی، کراچی

چھٹی سالانہ سیرت طیبہ ﷺ کے انعقاد کے سلسلے میں انجمن اساتذہ کے لئے دعا گو ہونے کے ساتھ انتہائی شکر گزار ہوں کہ انجمن ہذا ایک ایسا پلیٹ فارم ہے، جس میں ہر مکتبہء فکر کے لئے بہت وسعت ہے، جو اس منافرت کے دور میں الفت و محبت کا ایک گہوارہ ہے، انجمن اس سے پہلے بھی قومی اور دینی عنوانات پر سیرت کانفرنس کا انعقاد کراتا رہا ہے، جو اہل علم جید علماء کے ساتھ محققین علم و فضل سے داد و تحسین حاصل کرنے کے ساتھ ان کے علمی و قلمی و فکری ذوق کا سامان بنتا جا رہا ہے، اہل ادب کا مشہور مصرع ہے۔

پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ

خدا کرے انجمن اساتذہ کالجز کراچی سندھ اس طرح کے پاکیزہ فکری و علمی کانفرنس منعقد کراتا رہے، بالخصوص اراکین ساتھ اس کے روحِ رواں ڈاکٹر صلاح الدین ثانی کو اللہ مزید ہمت حوصلہ اور استقامت دے۔ آمین

## پروفیسر عبد الصمد صاحب
لیکچرر گورنمنٹ ڈگری کالج برائے طلبہ نارتھ کراچی

منعقد کی گئی کانفرنس ایک علمی و تحقیقی کانفرنس ہے، جس میں بچوں کے حقوق سے متعلق، مقالہ نگاروں نے مختلف پہلوؤں کو اجاگر فرمایا، جو علم میں اضافے کا باعث بنے، اس کے علاوہ بچوں سے متعلق کئی حقوق و فرائض سے آگاہی ہوئی۔

## پروفیسر سیدہ کہکشاں ہاشمی صاحبہ
لیکچرار، اسلامیات، گورنمنٹ ڈگری فاروومین کالج، کراچی

حق ادا کرتا ہے جو دنیا میں ماں اور باپ کا
رنج نہ ہوگا اسے عقبیٰ میں کچھ حساب کا

انسان کی زندگی سیرت طیبہ ﷺ کے ساتھ جڑی ہوئی ہے، لیکن ہم اس سے دور ہوتے جا رہے ہیں، سیرت النبی ﷺ کے انعقاد سے ہماری زندگی کو سنوارنے کا موقع ملتا ہے اور اس طرح کی کانفرنس منعقد ہوتی رہنی چاہے تاکہ معاشرے میں جو بگاڑ کی فضاء پیدا ہو رہی ہے، وہ دور ہو سکے، اسلام نے انسان کو جو حقوق عطا فرمائے ہیں، اس سے ہمارا معاشرہ مثالی معاشرہ بن سکتا ہے اور اس کی خوشبو سے سارا معاشرہ معطر ہوتا رہے گا، اور قوم کو اچھے معمار مل سکتے ہیں، اور بچوں میں میں ذمہ داریوں کو اجاگر کرنا ہے تاکہ وہ فرائض احسن طریقے سے ادا کر سکیں۔ اور غور و فکر کی صلاحیت پیدا ہو۔

## محمد علی شیخ صاحب
اسلامیات ٹیچر، کراچی

انتظامی حوالے سے بہت بہترین کانفرنس ہے، چند محققین کے زیادہ وقت لینے کی وجہ سے ٹائم کی قلت محسوس ہوئی۔ دعوت نامہ اگر صرف اساتذہ علوم اسلامیہ تک محدود نہ ہو مزید دینی اداروں اور شخصیات کو بھی شامل کیا جائے تو مزید جاندار کانفرنس ہونا ممکن ہے۔

## پروفیسر نورین عالم صاحبہ
لیکچرار گورنمنٹ کالج نارتھ کراچی

میں اس کانفرنس میں شریک ہو کر بہت خوش ہوئی کیونکہ اس قسم کی بابرکت کانفرنس اور پروگرام مسلسل انعقاد پذیر ہوتے رہنے چاہیں۔ ڈاکٹر صلاح الدین ثانی صاحب کی کاوشیں بہت متاثر کن اور

اسلام کے لئے یادگار ہیں۔

## علامہ قاری عبدالحلیم صاحب

این ای ڈی یونیورسٹی

ماشاء اللہ آج بڑی خوشی ہوئی کانفرنس میں شرکت کر کے موجودہ دور میں یہ جہاد سے کم نہیں، یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری وساری رہنا چاہیے، کانفرنس کا موضوع بھی بہت مناسب ہے۔

## Syed Muhammad Tariq Sahab.

Subject Speciclist, Karachi.

Marvelous programe services of Dr. Prof. Salahuddin Sani in outstanding & blessing for all Prof. & heads of rdualltion depertment. Sr. arranged education appreciated to him which in source of nonour for our anjumen which worpingfor pevour of student with refence to their cherecte building am persone & whorle prof proud to Dr. Salahuddin Sani Rd & DG also anopired due to the seered conference arranged by Anjumen, head.

## پروفیسر سلمان محمود صاحب

لیکچرر، بحریہ ماڈل کالج، کراچی

آج کی منعقدہ کانفرنس بہترین رہی۔ اس کانفرنس کی خاص بات جو مجھے پسند آئی وہ یہ ہے کہ اس میں اردو زبان کے ساتھ ساتھ دیگر مشہور زبانوں مثلاً عربی وانگریزی میں تقاریر کی گئیں۔

## پروفیسر ڈاکٹر مقبول احمد حبیب نوری

گورنمنٹ دہلی کالج کراچی

انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کالجز کے زیر اہتمام چھٹی سالانہ صوبائی سیرت النبی ﷺ کانفرنس بمقام نیشنل آرٹس کونسل کراچی منعقد ہوئی، میری طرف سے پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی الازہری پرنسپل گورنمنٹ شپ اونرز کالج کراچی، اور دیگر احباب انجمن کو مبارک باد قبول ہو، اس موقع پر مہمان خصوصی جناب صوبائی وزیر تعلیم نثار احمد کھوڑو صاحب حکومت سندھ نے شرکت فرمائی۔ جناب پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی صاحب نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا۔